**16.12.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ..........آسیہ میمونہ

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی **Addis Ababa** میں ایتھوپیا کے اپنے ہم منصب ڈاکٹر **Abiy** احمد علی سے دوطرفہ بات چیت کرنے والے ہیں۔

☆ وزیر اعظم مودی نے اردن کا اپنا دو روزہ کامیاب دورہ مکمل کرلیا ہے۔ بھارت اور اردن نے پانچ مفاہمت ناموں پر دستخط کئے ہیں۔

☆ حکومت نے لوک سبھا میں وکست بھارت روزگار گارنٹی اور اجیویکا مشن (گرامین) **VB-G Ram G** بل متعارف کیا ہے۔

☆ ایوان زیریں نے فرسودہ قوانین کو ختم کرنے کی خاطر منسوخی اور ترمیم سے متعلق بل منظور کرلیا ہے۔

☆ چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلع میں 34ماؤنوازوں نے خودسپردگی کردی ہے۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے یروشلم میں اسرائیل کے اپنے ہم منصب سے ملاقات کی ہے۔ دونوں ممالک نے دہشت گردی کو بالکل بھی برداشت نہ کرنے کی پالیسی کا اعادہ کیا۔

☆ اور کرکٹ میں دبئی میں انڈر– 19ایشیا کپ کے گروپ مرحلے کے میچ میں بھارت ملیشیا کو 315رن سے ہرا کرسیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**REV PM Ethiopia**

وزیر اعظم نریندر مودی ایتھوپیا کے دو روزہ دورے پر آج شام راجدھانی **Addis Ababa** پہنچے۔ وہ بھارت–ایتھوپیا دو طرفہ تعلقات کے سبھی پہلوؤں پر ایتھوپیا کے وزیر اعظم **Abiy** احمد علی کے ساتھ وسیع تر تبادلۂ خیال کریں گے۔ امکان ہے کہ جناب مودی، ایتھوپیا کے وزیر اعظم کی جانب سے میزبانی کئے جانے والے ایک عشائیے میں شرکت کریں گے۔ یہ وزیر اعظم مودی کا ایتھوپیا کا پہلا دورہ ہے جہاں وہ کل ایتھوپیا کی پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب بھی کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC Sushil Chandra

وزیر اعظم نریندر مودی کا ایتھوپیا کی راجدھانی Addis Ababa پہنچنے پر شاندار استقبال کیا گیا۔ وہاں آباد بھارتی برادری کے ہزاروں لوگ، جن میں خواتین اور بچے شامل تھے، وزیر اعظم کی ایک جھلک پانا چاہتے تھے۔ 2023میں بھارت کی G-20 کی صدارت کے دوران، افریقی یونین کو اِس میں ایک مستقل ممبر کے طور پر شامل کیا گیا تھا۔ بھارت اور ایتھوپیا کے درمیان، تعلیم، ہنرمندی اور صلاحیت سازی کے شعبے میں شراکت داری کی طویل تاریخ رہی ہے۔ یہ دورہ دوستی اور دوطرفہ اشتراک کو وسعت دینے کی خاطر عالمی خطۂ جنوب کے شراکت داروں کے طور پر دونوں ملکوں کے مشترکہ عزم کا اعادہ کرتا ہے۔

Addis Ababa سے سشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

## Rev. PM Visit Jordan

وزیر اعظم نریندر مودی نے اردن کا اپنا دو روزہ کامیاب دورہ مکمل کرلیا۔ اس دوران، انھوں نے شاہ عبداللہ دوئم کے ساتھ تفصیلی بات چیت کی اور ایک اعلیٰ کاروباری فورم سے بھی خطاب کیا۔ بھارت کی جانب سے یہ پہلا مکمل دوطرفہ رابطہ تھا۔دونوں ملکوں کے درمیان پانچ مفاہمت ناموں پر دستخط کئے گئے جن میں ثقافت، قابل تجدید توانائی، پانی کے بندوبست، ڈیجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچے اور Petra اور Ellora کے تاریخی مقامات کو فروغ دینے کے بندوبست سے متعلق سمجھوتے شامل ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ

VC Vinod Kumar

دونوں رہنماؤں نے بھارت اور اُردن کے درمیان مضبوط باہمی تجارتی رابطوں کی ستائش کی جن کی قدر 2024میں دو ارب 30 کروڑ امریکی ڈالر کی رہی، جس سے بھارت، اردن کا تیسرا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار بن گیا۔ وزیر اعظم مودی نے آئندہ پانچ برس میں دو طرفہ تجارت کو پانچ ارب امریکی ڈالر تک توسیع دینے کی تجویز پیش کی۔ دونوں رہنماؤں نے اُردن–بھارت کاروباری فورم کا بھی خیر مقدم کیا۔ کسٹم میں اشتراک پر بھی توجہ مرکوز کی گئی، جہاں دونوں ممالک نے اِس سلسلے میں موجودہ معاہدے کو بروئے کار لانے پر اتفاق کیا۔ مستقبل کے امکانات کو اجاگر کرتے ہوئے دونوں رہنماؤں نے اردن کی کلیدی جغرافیائی حیثیت کو تسلیم کیا۔ انھوں نے ٹرانسپورٹ اور لاجسٹک کو مستحکم کرنے کی اہمیت کا بھی اعادہ کیا۔

اردن سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں آفتاب احمد

## LS Rozgar and Ajeevika Mission

سرکار نے آج لوک سبھا میں وکست بھارت–روزگار کی گارنٹی اور Ajeevika مشن گرامین بل 2025 کو پیش کیا۔ یہ بل، 2005 کے 22سالہ پرانا مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار گارنٹی قانون منریگا کی جگہ لے گا۔ اِس بل میں 2047 تک وکست بھارت کے قومی وژن سے مطابقت رکھنے والے ایک دیہی ترقیاتی فریم ورک قائم

کیا جائے گا۔ اِس قانون کے تحت ہر مالی سال میں اُن سبھی دیہی گھرانوں کو 125دنوں کا روزگار فراہم کرنے کی قانونی گارنٹی ہوگی، جن کے اہلِ خانہ غیر ہنرمندی کا کام کریں گے۔

بل پیش کرتے ہوئے دیہی ترقی کے وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے زور دیا کہ یہ بل، گاؤں کی ہمہ جہت ترقی کو یقینی بنائے گا اور خود کفیل اور ترقی یافتہ دیہی علاقے بنانے میں مدد کرے گا۔

اِس بل کے تحت مرکزی سرکار مزدوری کی شرح نوٹیفائی کرے گی اور جب تک یہ نوٹیفکیشن نہیں آتا ہے، منریگا کی موجودہ شرحیں نافذ العمل رہیں گی۔ اِس بل میں 15دنوں کے اندر روزگار نہ ملنے کی صورت میں، بے روزگاری بھتہ بھی فراہم کیا گیا ہے، جو ریاستی سرکاریں، مقررہ شرحوں پر ادا کریں گی۔

بل پیش کیے جانے کے دوران کانگریس، DMK اور TMC سمیت اپوزیشن پارٹیوں کے کئی ممبروں نے اِس کی مخالفت کی۔ x

## LS Repealing and Ameding Bill

لوک سبھا نے آج غیر ضروری اور فرسودہ قوانین کو ختم کرنے اور ترمیم کرنے سے متعلق بل 2025 کو پاس کر دیا ہے۔ اِس بل میں مخصوص قوانین کو ختم کرنے اور کچھ میں ترمیم کرنے کی بات کہی گئی ہے۔ اِس بل کا مقصد 71قوانین کو کالعدم قرار دینا ہے، جن میں 1886 کا بھارتی ٹرامس وَے قانون، 1976 کا Levy Sugar Price Equalisation Fund قانون اور 1988 کا بھارت پیٹرولیم کارپوریشن لمیٹیڈ قانون شامل ہیں۔ یہ بل، 1897کے عوامی شقوں سے متعلق قانون، 1908کے سول پروسیجر کوڈ، 1925کے بھارتی وراثت قانون اور 2005 کے آفاتِ ناگہانی سے متعلق قانون میں ترمیم کرتا ہے۔

بل پیش کرتے ہوئے قانون اور انصاف کے وزیر ارجن رام میگھوال نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں قانونی نظام میں اصلاحات کیے جا رہے ہیں تاکہ عام لوگوں کی قوانین تک رسائی کو مزید آسان بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ 2014سے سرکار، اصلاح، کار کردگی اور تبدیلی کے مَنتر پر کام کر رہی ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ مئی 2014سے ایک ہزار 577غیر ضروری اور فرسودہ قوانین ختم کیے جاچکے ہیں۔ جناب میگھوال نے کہا کہ یہ اصلاحات، ملک کو نوآبادیاتی ذہنیت سے آزاد کرنے کے اقدامات ہیں۔

S/B: Arjun Meghwal

## LS BIMA Bill

''سب کا بیمہ، سب کی رکشا'' بل 2025 کو لوک سبھا میں غور و خوض اور پاس کرنے کیلئے پیش کیا گیا۔ یہ بل، انشورینس سے متعلق قوانین سمیت 1938کے انشورینس قانون، 1956کے لائف انشورینس کارپوریشن قانون اور 1999کے انشورینس کے نظم و ضبط سے متعلق اتھارٹی ایکٹ میں ترمیم کرے گا۔

ایوان میں بل پیش کرتے ہوئے وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا کہ یہ بل، بہتر نظم و ضبط، نفاذ میں آسانی، انشورینس ایجنٹوں کی طرف سے بلا رکاوٹ خدمات کی فراہمی اور غیر ملکی براہ راست سرمایہ کاری میں اضافہ کرے گا۔ x

## RS Election Reforms

راجیہ سبھا میں انتخابی اصلاحات پر بحث آج مکمل ہوگئی۔ NCP کے پرفل پٹیل نے کہا کہ انتخابات میں EVMs کا استعمال پہلے بھی ہوتا رہا ہے اور ایسا کوئی ثبوت نہیں ہے کہ اِس کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی کمیشن نے اِس بات کو ثابت کرنے کیلئے ایک کھلا چیلنج دیا تھا کہ کس طرح EVM کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کیا جاسکتا ہے، لیکن کوئی سامنے نہیں آیا۔TMC کے Derek O'Brien نے کہا کہ وزیر داخلہ نے انتخابی فہرستوں کی نظرثانی کا مقصد پیش کرتے ہوئے Detect, Delete اور Deport یعنی پتہ کرنے، ووٹر فہرست سے نام ہٹانے اور ملک سے باہر کرنے کی بات کہی تھی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ SIR کا مقصد تقسیم کرنا، بھٹکانا اور شکست دینا ہے۔ ایوان کے لیڈر جے پی نڈا نے کہا کہ یہ انتخابی کمیشن کا کام ہے کہ وہ وقفے وقفے سے انتخابی فہرستوں کو ٹھیک کرے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی کمیشن اور سپریم کورٹ جیسے آئینی ادارے، ملک کی جمہوریت کے ستون ہیں۔ x

## Chhatisgarh Maoists

چھتیس گڑھ میں بیجاپور ضلع میں سات خواتین سمیت 34ماؤنوازوں نے آج خودسپردگی کی ہے۔ ان میں 26 ماؤنوازوں پر مجموعی طور پر 84لاکھ روپئے کا انعام تھا۔ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس ڈاکٹر جتیندر کمار یادو نے کہا کہ جن لوگوں نے خودسپردگی کی ہے ان میں تلنگانہ اسٹیٹ کمیٹی اور AOB ڈویژن کے ماؤنوازوں کے علاوہ DKS زونل کمیٹی کے ممبران بھی شامل ہیں۔ خود سپردگی کرنے والے سبھی ماؤنوازوں کو ریاستی حکومت کی بازآبادکاری پالیسی کے تحت پچاس ہزار روپئے کی مالی مدد فراہم کی جائے گی۔x

## EAM Israel

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جئے شنکر نے آسٹریلیا کے سڈنی میں Bondi Beach پر حالیہ دہشت گردانہ حملے کی یہ کہتے ہوئے مذمت کی ہے کہ بھارت اور اسرائیل نے دہشت گردی کو بالکل بھی برداشت نہ کرنے کی پالیسی اختیار کی ہوئی ہے۔ وزیر موصوف نے آج یروشلم میں اسرائیل کے اپنے ہم منصب Gideon Sa'ar کے ساتھ ملاقات کے دوران یہ بات کہی۔ ڈاکٹر جئے شنکر نے Hanukkah تقریبات کے دوران دہشت گردانہ حملے میں مختلف انسانی زندگیوں کے نقصان پر تعزیت کا اظہار بھی کیا۔ بھارت اور اسرائیل کو ایک دوسرے کا شراکت دار قرار دیتے ہوئے انھوں نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان کلیدی شراکت داری میں گذشتہ دہائی میں نمایاں پیشرفت ہوئی ہے۔وزیر خارجہ نے غزہ امن منصوبے کیلئے بھارت کی مدد کا بھی اظہار کیا اور کہا کہ وہ امید کرتے ہیں کہ یہ ایک دیرپا اور پائیدار حل کی راہ ہموار کرے۔x

## GOA Fire Case

گوا پولیس نے مفرور ملزمان سوربھ اور گورو لوتھرا کے دلّی پہنچنے پر انھیں تحویل میں لے لیا ہے۔ اِن لوگوں

کو اِس ماہ کی 6 تاریخ کو گوا میں آتش زدگی کے ایک بڑے واقعے کے سلسلے میں تھائی لینڈ کے حکام نے ڈیپورٹ کیا ہے۔ آگ لگنے کے اِس واقعے میں 25 افراد کی جان چلی گئی تھی۔ اِس سلسلے میں سبھی ضروری قانونی کارروائی مکمل کرلی گئی ہے اور قانون کے مطابق مزید تحقیقات جاری ہے۔x

**IMD Weather**

بھارت موسمیات محکمے IMD نے کیرالہ، ماہے، تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائیکل میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ ملک کے مختلف حصوں میں سردی میں اضافہ اور گہرا کُہرا جاری رہے گا جس سے معمولاتِ زندگی متاثر ہوسکتے ہیں۔
پیش ہے ایک رپورٹ

**VC Adarsh**

اترپردیش اور مدھیہ پردیش میں کل تک گھنے کہرے چھائے رہنے کی توقع ہے۔ محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ دلّی، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور شمال مشرقی بھارت میں اگلے دو دنوں کے دوران صبح کے اوقات میں گھنے کہرے چھائے رہنے کا امکان ہے۔ محکمۂ موسمیات نے شمالی اندرونی کرناٹک اور مغربی مدھیہ پردیش میں کل سرد لہر کی صورتحال کی بھی پیشگوئی کی ہے۔
اسی دوران دلّی این سی آر میں ہوا کے معیار میں کچھ بہتری آئی ہے لیکن یہ بدستور بہت ہی خراب زمرے میں ہے۔ دلّی سرکار نے اعلان کیا ہے کہ جمعرات سے اُن گاڑیوں کو ڈیزل یا پیٹرول نہیں ملے گا، جس کے پاس آلودگی کے کنٹرول کا سرٹیفکیٹ نہیں ہے۔
دلّی سے آدرش کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فیصل حبیب

**Cricket U 19 IND Malaysia Result**

کرکٹ میں، آج دبئی میں بھارت نے 19 سال سے کم عمر کے ایشیا کپ 2025 کے اپنے تیسرے گروپ اسٹیج میچ میں ملیشیا کو 315 رنز سے ہرا کر سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے۔
بھارت کی جانب سے 409 رنز کے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے ملیشیا کی پوری ٹیم 32 اوورز اور ایک گیند میں محض 93 رنز پر آل آؤٹ ہوگئی۔
بھارت نے مقررہ 50 اوورز میں 7 وکٹ پر 408 رنز کے ساتھ اس اننگ کو ختم کیا۔
اس سے پہلے ملیشیا نے ٹاس جیت کر پہلے گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆